2024-10-12

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---------------------------------------------------------

1. صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، تین ملکوں، الجزائر، موریتانیہ اور ملاوی کے ایک ہفتہ طویل دورے پر آج صبح روانہ ہوں گی۔

2 بین پارلیمانی یونین کی 149 ویں اسمبلی آج سے جنیوا میں شروع ہو رہی ہے۔ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا بھارتی وفد کی قیادت کریں گے۔

3 بھارت نے بنگلہ دیش کے مندر میں پوجا منڈپ پر حملے اور چوری پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔

4 بھارتی محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ اگلے پانچ دِن کے دوران جنوبی اندرونی کرناٹک، کیرالہ، اور تمل ناڈو میں موسلا دھار بارش جاری رہے گی۔

5 بھارت نے تیسرے اور آخری ٹی‌ٹوئنٹی بین الاقوامی کرکٹ میچ میں بنگلہ دیش کو 133 رن سے ہرا دیا۔اس طرح بھارت نے یہ سیریز تین - صفر سے جیت لی ہے۔

6 اور: خواتین کےICC ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ میں سیمی فائنل میں جگہ بنانے کے لیے آج بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان مقابلہ ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Prez. Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج صبح تین ملکوں، الجزائر، موریتانیہ اور ملاوی کے دورے پر روانہ ہوں گی۔ بھارت کی جی‌ٹوئنٹی صدارت کے دوران افریقی یونین کو جی‌ٹوئنٹی کا مستقل رکن بنائے جانے کے ایک سال بعد اِن تینوں ملکوں کا بھارتی صدر کا یہ پہلا دورہ ہے۔ اپنے دورے کے دوران صدرِ جمہوریہ مرمو دو طرفہ میٹنگیں کریں گی اور بھارتی برادری سے بات چیت کریں گی۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو تین ملکوں کے اپنے دورے کے تحت آج صبح دس بجے نئی دلی سے الجزائر کی راجدھانی الجیرس روانہ ہوں گی، جہاں وہ بھارتی وقت کے مطابق رات نو بجے پہنچیں گی۔ الجزائر کے اپنے تین روزہ دورے کے دوران صدرِ جمہوریہ مرمو اپنے ہم منصب عبد الماجد

Tebboune اور دیگر سرکردہ رہنماؤں کے ساتھ دو طرفہ ملاقاتیں کریں گی۔ صدر جمہوریہ الجزائر کے ثقافتی اور تاریخی اہمیت کے حامل مقامات جیسے مقام Echahid، یادگارِ شہداء، رومن باقیات، مقبرے اور Hamma گارڈن کا دورہ کریں گی۔ صدرِ جمہوریہ کا بھارت-الجزائر اقتصادی فورم اور سدّی عبد اللہ سائنس اور ٹیکنالوجی Pole یونیورسٹی کے دورے کا بھی پروگرام ہے۔

اپنے دورے کے دوسرے مرحلے کے تحت صدرِ جمہوریہ مرمو 16 اکتوبر کو موریتانیہ اور تیسرے مرحلے میں 17 سے 19 اکتوبر کے درمیان ملاوی کا دورہ کریں گی۔ صدرِ جمہوریہ اِن ممالک کی قیادت کے ساتھ دو طرفہ میٹنگیں کریں گی اور تجارت اور صنعت کے اہم رہنماؤں سمیت بھارتی برادری سے بھی تبادلہ خیال کریں گی۔ صدر جمہوریہ کے دورے کا مقصد افریقی ممالک کے ساتھ بھارت کے تعلقات کو وسعت دیتے ہوئے مزید مستحکم کرنا ہے۔x

Om Birla

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا آج سے اِس مہینے کی 17 تاریخ تک جنیوا میں منعقد ہونے والی بین پارلیمانی یونین IPU کی 149 اسمبلی میں پارلیمانی وفد کی قیادت کریں گے۔ جناب برلا زیادہ پُرامن اور پائیدار مستقبل کیلئے سائنس ٹیکنالوجی اور اختراع کا استعمال کے موضوع پر اسمبلی سے خطاب کریں گے۔ وہ بین پارلیمانی یونین کی گورننگ کونسل کی میٹنگوں میں شرکت کریں گے اور اِس ماہ کی 14 تاریخ کو جنیوا میں بھارتی برادری سے ملاقات کریں گے۔ اس کے علاوہ وہ اسمبلی کے موقع پر دیگر ملکوں کی پارلیمنٹ کے اپنے ہم منصبوں سے بھی ملاقات کریں گے۔ بھارتی وفد میں راجیہ سبھا کے نائب چیئرمین ہری ونش سنگھ، دونوں ایوانوں کے سکریٹری جنرل اور متعدد دیگر ممبران پارلیمنٹ شامل ہیں۔

بین پارلیمانی یونین IPU کے ارکان 180 پارلیمنٹ جبکہ 15 پارلیمنٹ ایسو سی ایٹ ممبران ہیں۔ ممبران میں بڑے ممالک جیسے چین، بھارت اور انڈونیشیا کے ساتھ ساتھ چھوٹے ممالک جیسے Cabo Verde، San Marino اور Palau شامل ہیں۔

India Bangladesh

بھارت نے بنگلہ دیش حکومت سے کہا ہے کہ وہ تہواروں کے دوران ہندوؤں اور سبھی اقلیتوں کے مذہبی مقامات کی سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنائے۔

ایک بیان میں، وزارت خارجہ نے ڈھاکہ کے Tantibazar علاقے میں پوجا منڈپ پر ہوئے حملے اور Satkhira کے Jeshoreshwari کالی مندر میں ہوئی چوری پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔

وزارت خارجہ نے مزید کہا کہ یہ حملے افسوسناک ہیں اور بھارت کئی دنوں سے مشاہدہ کر رہا ہے کہ یہ مندروں اور دیوتاؤں کو نقصان پہنچانے کے ایک خاص طریقہ کار کے تحت کیے جا رہے ہیں۔x

Kullu Dussehra

ہماچل پردیش میں بین الاقوامی کلّو دسہرہ فیسٹول آج سے شروع ہورہا ہے۔ ایک ہفتے تک جاری رہنے والی دسہرہ کی تقریبات کا افتتاح گورنر شیو پرتاپ شکلا کریں گے۔ اِس موقعے پر بھگوان رگھوناتھ کا ایک عظیم الشان رتھ جلوس نکالا جائے گا۔ یہ فیسٹول کلّو کی روحانی ثقافت کی علامت ہے۔

ہماچل پردیش کے کلّو میں بین الاقوامی دسہرہ فیسٹول آج سے شروع ہورہا ہے۔ روایت کے مطابق گورنر شیو پرتاپ شکلا افتتاح کریں گے۔ اس فیسٹول کے دوران کلو کے سب سے بڑے دیوتا بھگوان رگھوناتھ کا ایک رتھ جلوس تاریخی Dhalpur میدان میں نکلے گا۔ 300 سے زیادہ دیوتا اور بڑی تعداد میں روایتی پوشاک پہنے ہوئے لوگ شرکت کریں گے۔ دسہرہ فیسٹول کے دوران 25 ممالک کے ثقافتی دستے اپنے اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے۔ اس موقعے پر مختلف کھیلوں کے مقابلے منعقد کئے جائیں گے۔ بین الاقوامی دسہرہ فیسٹول کے آخری دن یعنی 19 اکتوبر کو کلّو Carnival کا انعقاد کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ سکھویندر سنگھ سکھو اختتامی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کریں گے۔

## Kerala Vidyarambham

کیرالہ میں، آج ریاست بھر میں Vidyarambhamتقریبات کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ Vidyarambham، تعلیم کے حصول اور سیکھنے کے عمل کی جانب بچے کے پہلے قدم کی علامت ہے۔ اِس دن کئی لوگ رقص اور موسیقی سیکھنے کا آغاز کرتے ہیں۔

کیرالہ بھر میں آج صبح وِدھیا رَم بَھم تقریبات کے آغاز کے ساتھ سینکڑوں بچے سیکھنے کے عمل کی جانب پہلا قدم بڑھائیں گے۔ گھروں کے علاوہ Tirur کے Thunchan Prambu اور Panachikkadu، Chottanikkara، Paravur اور Attukal مندروں میں وِدھیا رَم بَھم تقریبات منعقد کی گئیں۔

گذشتہ کئی سالوں سے دیگر عقائد کے لوگوں کی جانب سے وِدھیا رَم بَھم کے موقع پر بچوں کے سیکھنے کا عمل شروع کیے جانے سے وِدھیا رَم بَھم تقریبات کو کیرالہ میں ایک سیکولر پہچان ملی ہے۔x

## Maha CM Baba Siddique

مہاراشٹر کے سابق ریاستی وزیر اور NCP رہنما بابا صدیقی کے قتل کے بعد مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ ایک ناتھ شندے نے کہا ہے کہ قانون اپنے ہاتھ میں لینے والوں کو سخت سزا دی جائے گی۔ بابا صدیقی کو کل شام ممبئی میں نامعلوم حملہ آوروں نے گولی مارکر قتل کردیا تھا۔ وزیراعلیٰ شندے نے اِس واقعے کو بیحد افسوسناک قرار دیا اور کہا کہ دو مشتبہ حملہ آوروں کو گرفتار کرلیا گیا ہے جبکہ ایک حملہ آور اب بھی فرار ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بابا صدیقی کے قتل کا مقدمہ فاسٹ ٹریک عدالت میں چلے گا۔ وزیر اعلیٰ شندے نے اعلان کیا کہ انکاؤنٹر اسپیشلسٹ دَیا نائیک اِس واقعہ کی جانچ کریں گے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Rev. IMD Rain

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے کہا ہے کہ اگلے 5 روز کے دوران جنوبی کرناٹک کے اندرونی علاقوں، کیرالہ، ماہے اور تمل ناڈو میں شدید بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔ IMD نے آج گجرات کے مختلف علاقوں میں شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے اگلے دو روز کے دوران انڈمان و نکوبار جزائر، اروناچل پردیش، آسام،میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور اور تریپورہ کے علاقوں میں ہلکی سے اوسط بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ گجرات کے بقیہ علاقوں، مدھیہ پردیش، جھارکھنڈ، بہار، مغربی بنگال، سکم اور مہاراشٹر کے کچھ اور علاقوں نیز چھتیس گڑھ اور اڈیشہ سے جنوب مغربی مانسون کے واپس لوٹنے کیلئے حالات سازگار ہیں۔X

PM Internship Scheme

پرائم منسٹر انٹرن شپ اسکیم کیلئے اندراج کا عمل آن لائن پورٹل piminternship.mca.gov.in پر کل شام شروع ہوگیا۔ اندراج کا یہ عمل اِس مہینے کی 25 تاریخ تک جاری رہے گا۔ پورٹل پر اب تک 193 کمپنیوں کے ذریعے انٹرن شپ کے تقریباً 91 ہزار مواقع کی پیشکش کی گئی ہے۔ حکومت کا مقصد مالی برس 2024-25 کے دوران ایک لاکھ 25 ہزار انٹرن شپ کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ اِس آزمائشی پروجیکٹ کی کُل لاگت 800 کروڑ روپے ہوگی۔ حکومت کا مقصد 5 برس کے دوران 21 سال سے 24 سال کی عمر گروپ کے ایک کروڑ امیدواروں کیلئے 12 مہینے کی انٹرن شپ فراہم کرناہے۔X

Boris Johnson PM Modi

سابق برطانوی وزیراعظم Boris Johnson نے اپنی نئی کتاب میں وزیراعظم نریندر مودی کی خوب تعریف کی ہے اور انھیں بدلاؤ لانے والا رہنما قرار دیا ہے۔ جناب Johnson نے وزیراعظم مودی کے ساتھ اپنی پہلی ملاقات کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ کس طرح انھیں اس ملاقات کے دوران الہامی توانائی کا احساس ہوا تھا۔ سابق برطانوی وزیراعظم نے بھارت پر ایک پورا باب تحریر کیا ہے اور دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو ہمیشہ کی طرح بہترین قرار دیا ہے۔

جولائی 2019 سے ستمبر2022 تک برطانیہ کے وزیراعظم رہے جناب جانسن نے بھارت کے ساتھ آزادانہ تجارتی معاہدے کا سہرا خود کے سر باندھا۔x

## Pak Section 144

پاکستان کی پنجاب سرکار نے اس مہینے کی 15 اور 16 تاریخ کو اسلام آباد میں ہونے والی شنگھائی تعاون تنظیم SCO سربراہ کانفرنس کے دوران امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے کے لیے راولپنڈی میں 17 اکتوبر تک دفعہ 144 نافذ کردی ہے۔

پاکستان میں دفعہ 144 کے تحت حکومت کو سیاسی اجتماعات کی مختلف شکلوں مثلاً ایک جگہ جمع ہونا، دھرنے پر بیٹھنا، مظاہرے کرنا، اور اس طرح کی دیگر سرگرمیوں پر متعینہ مدت تک کے لیے پابندی عائد کرنے کی اجازت ہے۔

راولپنڈی میں اس پابندی کا نفاذ 16 اکتوبر تک جاری رہے گا۔ اِس دوران وزیر خارجہ ایس جے شنکر تقریباً ایک دہائی بعد اس طرح کے پہلے دورے کے طور پر SCO سربراہ کانفرنس میں شرکت کرنے کے لیے اِس مہینے اسلام آباد کا سفر کریں گے۔x

## India UN Peace Keepers

مغربی ایشیا میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے دوران اقوام متحدہ میں بھارت کے مستقل مشن نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ کے قیام امن کی کوششوں میں فوجی تعاون کرنے والے ایک بڑے ملک کے طور پر بھارت لبنان میں اقوام متحدہ کی عبوری فورس UNIFL کے ذریعہ جاری کردہ مشترکہ بیان کے ساتھ خود کو مکمل طور پر ہم آہنگ کرتا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بھارت کے مستقل مشن نے کہا کہ اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی موجودہ قرارداد کے مطابق قیام امن فوجیوں کی حفاظت اور سکیورٹی انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ یہ بیان لبنان پر اسرائیلی دفاعی فورسز IDF کے حملے میں اقوام متحدہ قیام امن فوجیوں میں سے دو فوجی کے زخمی ہونے کے بعد سامنے آیا ہے۔

اسرائیل کے مختلف زبانوں میں آن لائن اخبار نے اطلاع دی ہے کہ IDF نے زخمی ہوئے امن فوجیوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اقوام متحدہ کے قیام امن فوجیوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے مناسب اقدامات کئے جانے چاہئیں۔

## Men's Cricket

مَردوں کے کرکٹ میں، بھارت نے کَل حیدرآباد میں تیسرے اور آخری ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں بنگلہ دیش کو 133 رن سے کراری شکست دی۔ اِس طرح اُس نے تین میچوں کی سیریز تین صفر سے جیت لی۔

بھارت نے مقررہ 20 اوورس میں 297 رن بنائے۔ یہ اسکور بین الاقوامی ٹی ٹوئنٹی میچوں میں دوسرا بڑا اسکور رہا۔ پچھلے سال نیپال نے منگولیا کے خلاف تین وکٹ پر 314 رن بنائے تھے۔

اِس سے پہلے بھارت کا ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں سب سے زیادہ اسکور 6 وکٹ پر 260 رن تھا جو اُس نے 2017 میں سری لنکا کے خلاف بنائے تھے۔

جیت کیلئے 298 رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے بنگلہ دیش کی ٹیم مقررہ 20 اوورس میں 7 وکٹ پر 164 رن ہی بنا سکی۔ بنگلہ دیش کی طرف سے توحید Hridoy نے سب سے زیادہ 63 رن، جبکہ Litton داس نے 42 رن بنائے۔ بھارت کی طرف سے روی بشنوئی نے تین وکٹ، Mayank یادو نے دو وکٹ جبکہ واشنگٹن سُندر اور نتیش ریڈی نے ایک ایک وکٹ حاصل کئے۔ اِس سے پہلے بھارت نے ٹاس جیتا اور گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ سنجو سیمسن نے 47 گیندوں میں شاندار 111 رن بنائے۔ انہوں نے 40 گیندوں میں ٹی ٹوئنٹی میچوں کی اپنی پہلی سنچری بنائی۔ کپتان سوریہ کمار یادو نے 35 گیندوں میں 75 رن بنائے۔ 133 رن کی یہ جیت بھارت کی تیسری سب سے بڑی جیت ہے۔

اس سے پہلے بھارت نے دلی میں دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں بنگلہ دیش کو 86 رن سے، جبکہ گوالیار میں پہلے میچ میں بنگلہ دیش کو سات وکٹ سے ہرایا تھا۔X

## Women's T0 WC Cricket

خواتین کے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ کے گروپ اے کے میچ میں آج بھارت کا مقابلہ آسٹریلیا سے ہوگا۔ یہ میچ آج شام متحدہ عرب امارات کے شارجہ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ ہرمن پریت کور کی قیادت والی بھارتی ٹیم، تین مقابلوں میں دو کامیابیوں کے ساتھ گروپ اے میں دوسرے نمبر پر ہے اور سیمی فائنل میں جگہ بنانے کے لیے آسٹریلیا کے خلاف یہ میچ جیتنا اُس کے لیے ضروری ہے۔ وہیں دفاعی چیمپئن آسٹریلیا چھ پوائنٹس کے ساتھ سیمی فائنل میں تقریباً پہنچ چکی ہے۔

گروپ بی کے ایک دیگر میچ میں شارجہ میں انگلینڈ کی خواتین ٹیم کا مقابلہ اسکاٹ لینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔

گروپ بی میں جنوبی افریقہ چھ پوائنٹس کے ساتھ سبقت بنائے ہوئے ہے جبکہ ویسٹ انڈیز چار پوائنٹس کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے۔

ہر گروپ کی سرفہرست دو ٹیمیں ناک آؤٹ مقابلوں کے لیے کوالیفائی کریں گی۔x

## Asian Table Tennis Championship

ٹیبل ٹینس میں آئے ہیکا مکھرجی اور سُتیرتھا مکھرجی پر مشتمل اعلیٰ درجہ بندی کی حامل خواتین کے ڈبلز کی بھارتی جوڑی نے کل قزاخستان کے آستانہ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایشین ٹیبل ٹینس چیمپئن شپ 2024 کے سیمی فائنل میں جگہ بنالی ہے اور اپنے لیے تاریخی تمغہ یقینی بنالیا ہے۔ مکھرجی جوڑی نے کوارٹر فائنل میں Kim Nayeong اور Lee Eunhye کی کوریا جمہوریہ کی جوڑی کوہرایا۔ اس طرح آئے ہیکا اور سُتیرتھا، ایشین چیمپن شپ میں تمغہ جیتنے والی خواتین کے ڈبلز کی پہلی بھارتی ٹیبل ٹینس جوڑی بن جائیں گی۔

آج کھیلے جانے والے سیمی فائنل میں بھارتی جوڑی کا مقابلہ جاپان کی Miwa Harimoto اور Miyuu Kihara کی جوڑی سے ہوگا۔x

یہ تھی خبریں

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......محمد عمار

شکریہ - ضمیر

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے وجے دشمی اور درگا پوجا کا تہوار پورے ملک میں جوش وخروش کے ساتھ منائے جانے کی خبر کو اولیت دی ہے۔ خبروں کے مطابق دلی کے لال قلعہ میدان میں منعقدہ رام لیلا کی تقریب میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی نے شرکت کی۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے وزیردفاع راجناتھ سنگھ کے ذریعے دسہرہ کے موقع پر مغربی بنگال کے سکنا ملٹری اسٹیشن پر روایتی ششتر پوجا کی خبر کو خصوصی اہمیت دی ہے۔ اس موقع پر وزیر دفاع نے کہا کہ بھارت نے نفرت یا عداوت کی وجہ سے کبھی کسی ملک پر حملہ نہیں کیا۔

ہریانہ میں نئی حکومت کی حلف برداری 17 اکتوبر کو، اس خبر کو راشٹریہ سہارا نے پہلے صفحہ پر جگہ دی ہے، جس میں ہریانہ قانون ساز اسمبلی کے نو منتخب لیڈر نائب سنگھ سینی وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف لیں گے۔

مہاراشٹر کے سینئر لیڈر بابا صدیقی کو گولی مار کر ہلاک کرنے کی خبر کو روزنامہ انقلاب سمیت کئی اخباروں نے شائع کیاہے۔ باندرہ میں واقع اپنے بیٹے کے آفس سے نکلتے وقت نامعلوم مسلح افراد نے ان پر گولیاں چلائیں، جس کے بعد اسپتال میں ان کی موت ہوگئی۔

ایران کے نیوکلیائی ٹھکانوں پر اسرائیل کے سائبر حملے سے متعلق خبر کو بیشتر اخبارات نے صفحہ اول پرجگہ دی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اسرائیلی ماہرین نے وزیراعظم نیتن یاہو کے کہنے پر اپنے ہی ملک میں بیٹھ کر ایران پر یہ حملہ کیا ہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1. صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، تین ملکوں، الجزائر، موریتانیہ اور ملاوی کے ایک ہفتہ طویل دورے پر آج صبح روانہ ہوں گی۔

2 بین پارلیمانی یونین کی 149 ویں اسمبلی آج سے جنیوا میں شروع ہو رہی ہے۔ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا بھارتی وفد کی قیادت کریں گے۔

3 بھارت نے بنگلہ دیش کے مندر میں پوجا منڈپ پر حملے اور چوری پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔

4 بھارتی محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ اگلے پانچ دِن کے دوران جنوبی اندرونی کرناٹک، کیرالہ، اور تمل ناڈو میں موسلا دھار بارش جاری رہے گی۔

5 بھارت نے تیسرے اور آخری ٹی‌ٹوئنٹی بین الاقوامی کرکٹ میچ میں بنگلہ دیش کو 133 رن سے ہرا دیا۔اس طرح بھارت نے یہ سیریز تین - صفر سے جیت لی ہے۔

6 اور: خواتین کے ICC ٹی ٹوئینٹی عالمی کپ میں سیمی فائنل میں جگہ بنانے کے لیے آج بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان مقابلہ ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------